**27-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

---

Music

---

☆☆ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے انتخابی مہم زور وشور سے جاری ہے۔ سیاسی لیڈر رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں۔

☆ انتخابی کمیشن کا کہنا ہے کہ عام انتخابات میں جموں وکشمیر میں 58 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی ہے۔ یہ گذشتہ 35 سالوں میں سب سے زیادہ ہے۔

☆ سمندری طوفان Remal کمزور پڑ گیا ہے۔ یہ آج رات تک کمزور ہوکر شدید دباؤ میں بدل جائے گا۔

☆ محکمہ موسمیات نے اِس سال معمول سے زیادہ مانسون کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ پپوا نیو گنی نے جمعہ کے روز تودے کھسکنے میں مرنے والوں کی تعداد پر نظرثانی کرکے اسے تقریباً دو ہزار بتایا ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

☆ اور سینسیکس نے، آج اب تک کا سب سے زیادہ 76 ہزار کا نشانہ حاصل کیا۔

---

(Music)

---

اب خبریں تفصیل سے

**Campaigning**

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے انتخابی مہم زور وشور سے جاری ہے۔ اب صرف مہم ختم ہونے میں تین دن رہ گئے ہیں۔ تمام سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر رائے دہندگان کو اپنے حق میں راغب کرنے کیلئے، سخت موسم کے باوجود مختلف حلقوں کا دورہ کر رہے ہیں۔

اترپردیش میں سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے آج کشی نگر، سلیم پور اور چندولی میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ جناب شاہ نے کہا کہ یہ انتخابات ملک کی ترقی اور اُسے تحفظ فراہم کرنے کیلئے ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ غریب کی بہبود کیلئے ہے۔

S/B 2100 Amit Shah

BJP کے قومی صدر جے پی نڈّا نے بھی وارانسی میں بہت سے جلسوں سے خطاب کیا۔

ریاست کے وزیر اعلیٰ اور سینئر BJP لیڈر یوگی آدتیہ ناتھ نے بلیا، روبرٹس گنج، گھوسی اور وارانسی میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ عوام نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بدلتے ہوئے بھارت کو دیکھا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ 2014 سے قبل کے بھارت اور 2024 کے بھارت میں بہت بڑا فرق ہے۔

دوسری جانب سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے آج غازی پور اور چندولی میں سیاسی جلسوں سے خطاب کیا۔ SP کے سربراہ نے دعویٰ کیا کہ BJP اور BSP نے اندرونی طور پر ہاتھ ملایا ہوا ہے۔ عام انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں اترپردیش کی 13 سیٹوں پر یکم جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

بہار میں NDA اور گرانڈ الائنس کے بہت سے سینئر لیڈروں اور اسٹارمہم کاروں نے آج انتخابی مہم کی۔ یہاں یکم جون کو آٹھ حلقوں میں پولنگ ہوگی۔

کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے پٹنہ صاحب، پاٹلی پتر اور آراء لوک سبھا حلقوں میں تین انتخابی ریلیاں کیں۔

RJD کے لیڈر تیجسوی یادو نے بھی، مختلف پارلیمانی حلقوں میں جہان آباد، پالی گنج جگدیش پور اور Bihta میں انتخابی ریلیاں منعقد کیں۔

دوسری جانب JDU کے صدر اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے نالندہ پارلیمانی حلقے کے Hilsa میں ایک روڈ شو کیا۔ HIlsa میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب کمار نے دعویٰ کیا کہ اُن کی سرکار اگلے سال تک دس لاکھ سرکاری نوکریاں فراہم کرنے کا نشانہ حاصل کرے گی۔

سینئر BJP لیڈر اور مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو اور بہار کے نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری نے بھی پاٹلی پتر اور پٹنہ صاحب پارلیمانی حلقوں میں عوامی جلسے کئے۔ پٹنہ کے Maner میں ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب یادو نے کہا کہ یہ بہت عجیب بات ہے کہ کانگریس 55 سال سے زیادہ ملک پر حکومت کرنے کے بعد، اب غریبی کو ختم کرنے کے بارے میں بات کر رہی ہے۔

کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے Kangra پارلیمانی علاقے کے تحت شاہ پور اسمبلی حلقے میں چمبا کے Chaugan میدان اور Chambi میں ریلیاں منعقد کیں۔ انھوں نے کہا کہ آج عوام کو افراطِ زر کا سامنا ہے۔ کسان نا امید ہیں اور ملک بھر میں روزگار کی شرح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔

انھوں نے کہا کہ آئی این ڈی آئی اے بلاک، مہالکشمی اسکیم کے ذریعے غریب خاندانوں کی خواتین کو بااختیار بنائے گی۔

S/B 2100 Priyanka Gandhi

اڈیشہ میں BJD کے سپریمو اور اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ نوین پٹنایک نے کیندر پاڑا لوک سبھا حلقوں کے تحت Barua میں ایک عوامی جلسہ کیا۔

سینئر BJP لیڈر راجناتھ سنگھ نے اعادہ کیا کہ ریزرویشن کا وہ عمل جو اب تک جاری ہے، وہ بدستور جاری

رہے گا۔ جناب سنگھ کو صاحب گنج ضلع کے Udhwa بلاک میں انتخابی جلسے سے خطاب کرنا تھا لیکن اُن کا ہیلی کاپٹر ناخوشگوار موسم کی وجہ سے لینڈ نہیں کرسکا۔ اس کے بعد انھوں نے موبائل کے ذریعے عوام سے خطاب کیا۔x

## ECI J&K Voter Turnout

بھارت کے انتخابی نظام میں ایک بڑی کامیابی کے طور پر جموں وکشمیر میں پچھلے 35 برسوں میں 2024 کے عام انتخابات میں سب سے زیادہ پولنگ 58 اعشاریہ چار چھ فیصد درج کی گئی۔ مرکز کے زیر انتظام علاقے سری نگر، بارہمولہ، اننت ناگ، راجوری، ادھم پور اور جموں سمیت پانچ اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے۔ ادھم پور میں 68 فیصد اور جموں میں 72 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ سری نگر میں 38 فیصد سے زیادہ اور بارہمولہ میں 59 فیصد سے زیادہ جبکہ اننت ناگ-راجوری میں 55 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ چیف انتخابی کمشنر راجیو کمار نے اس کامیابی پر ووٹروں کی ستائش کی ہے۔x

## Mizoram Preparation In Counting of Voters

میزورم پارلیمانی حلقے کی ریٹرننگ افسر Nazuk Kumar نے کہا کہ چار جون کو ووٹوں کی گنتی کے لیے تیاریاں کی جارہی ہیں۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے محترمہ نازک کمار نے کہا کہ ووٹوں کی گنتی سخت انتظامات کے تحت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے لیے تین سطحی سکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ ووٹوں کی گنتی خوش اسلوبی کے ساتھ مکمل کی جاسکے۔ Aizwal میں 500 سے زیادہ افسران کو 12 کاؤنٹنگ ہالز میں تعینات کیا گیا ہے جن میں انتخابی کمیشن کے پانچ مشاہدین بھی شامل ہیں۔x

## PM Interview

وزیر اعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ آتم نربھر بھارت وژن کے تحت، اصل مقصد اندرون ملک ٹیلنٹ کو فروغ دینا اور روزگار کے مواقع میں اضافہ کرنا ہے۔ خبر رساں ایجنسی کو ایک انٹرویو میں، جناب مودی نے زور دیا کہ 'ملک پہلے'، سرکار کے ہر فیصلے کے مرکز میں ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ براہِ راست فوائد کی منتقلی کے ذریعے لوگوں کو 38 لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ ٹرانسفر کئے گئے ہیں۔ ریاستی محکموں کے ذریعے تحقیقات کو اجاگر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد 'صفر برداشت' پر مبنی ہے نیز امکانات پر نہیں بلکہ ثبوت پر مبنی اقدام کو یقینی بنانا ہے۔x

## PM Lithvania

وزیراعظم نریندر مودی نے Gitanas Nauseda کو لتھوانیا کا دوبارہ صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ جناب مودی نے سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا کہ بھارت اور لتھوانیا کے درمیان قریبی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔x

## Maha SSC Result

مہاراشٹر کے سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری ایجوکیشن کے اسٹیٹ بورڈ نے آج دسویں کلاس کے نتیجے کا اعلان کردیا ہے۔ مجموعی طور پر پاس ہونے والے طالب علموں کا فیصد 95 اعشاریہ آٹھ ایک ہے۔ اِس سال بھی لڑکیوں کی کارکردگی، لڑکوں سے بہتر رہی جنھوں نے 97 اعشاریہ دو ایک فیصد جبکہ لڑکوں میں سے 94 اعشاریہ پانچ فیصد طالب علموں نے امتحان میں کامیابی حاصل کی ہے۔ کونکن ڈویژن بہترین کارکردگی کرنے والے ضلع کے طور پر ابھرا ہے جس نے 98 اعشاریہ ایک ایک فیصد کی پاس ہونے کی شاندار کارکردگی دکھائی ہے۔

دوسری جانب منی پور کے سیکنڈری ایجوکیشن کے بورڈ نے بھی آج تیسرے پہر دسویں کلاس کے نتیجے کا اعلان کیا ہے۔ اس میں مجموعی طور پر پاس ہونے والوں کا فیصد 93 اعشاریہ صفر تین رہا ہے۔

دسویں کلاس کے امتحان کے نتائج میں اِس سال پہلی مرتبہ گریڈنگ کا نظام نافذ کیا گیا ہے۔x

## Cyclone Remal

بنگلہ دیش پر مرکوز سمندری طوفان 'ریمل' کمزور پڑنے لگا ہے اور یہ مزید کمزور ہوکر گہرے دباؤ میں تبدیل وہ جائے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Kalyan Laha

کولکاتہ کے علی پور دفترِ موسمیات نے اطلاع دی ہے کہ سمندری طوفان شمال اور شمال مشرق کی جانب بڑھ رہا ہے۔ مغربی بنگال کے جنوبی اور شمالی 24 پرگنہ ضلعوں میں بارش پہلے ہی رک گئی ہے۔ وہیں کولکاتہ اور متصل اضلاع میں سہ پہر 4 بجے کے بعد سے بارش نہیں ہوئی ہے۔ دفتر موسمیات نے بتایا کہ ریمل کی وجہ سے کل جنوبی بنگال میں بارش نہیں ہوئی۔ تاہم موسم ابرآلود رہے گا۔ وزیراعلیٰ ممتا بینرجی نے اپنے ایکس ہینڈل پر بتایا کہ ریاستی انتظامیہ نے قدرتی آفت کے دوران عام لوگوں کو بچانے کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انتظامیہ ہم لوگوں کے ساتھ ہے اور قوانین اور ضابطوں کے تحت انہیں ہر ممکن مدد فراہم کی جائے گی۔ محترمہ بینرجی نے مزید کہا کہ دو لاکھ افراد کو 1400 پناہ گزینوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

کولکاتہ سے کلیان لاہا کی رپورٹ کے ساتھ اردوں خبروں کے لیے میں فیصل خان

## Rev IMD Monsoon

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اِس سال ملک بھر میں جون سے ستمبر کے دوران مانسون میں اوسط سے زیادہ بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ جنوب مغربی مانسون کی پیشگوئی کے دوسرے مرحلے کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر مرتیونجئے موہ پاترا نے کہا کہ مقدار کے حساب سے جنوب مغربی مانسون کی مقدار کے اپنے طویل مدتی اوسط LPA کے مقابلے 106 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ اس مقدار میں 4 فیصد کی کمی بیشی کی گنجائش موجود ہے۔ جناب موہ پاتر نے مزید کہا کہ وسطی بھارت اور جنوبی جزیرہ نما بھارت میں جنوب مغربی

مانسون اوسط سے زیادہ رہے گا جبکہ اِس کے شمال مغربی بھارت میں معمول کے مطابق اور شمال مشرقی بھارت میں اوسط سے کم رہنے کا امکان ہے۔

وہیں جون کے مہینے میں ملک بھر میں مجموعی طور پر بارش کا تناسب اوسط رہنے کا امکان ہے۔ جنوب مغربی مانسون کی پیشگوئی کے پہلے مرحلے کے تحت محکمہ موسمیات نے ملک بھر میں اوسط سے زیادہ بارش ہونے کے امکان کا اظہار کیا تھا جسے دوسرے مرحلے میں بھی برقرار رکھا گیا ہے۔

S/B - Mohapatra

ڈاکٹر موہ پاترا نے مزید کہا کہ اگلے پانچ دنوں میں مانسون کے کیرالہ پہنچنے کے لیے موسمی حالات سازگار ہیں۔ جنوبی، مشرقی، مغربی وسطی اور شمال مشرقی خلیج بنگال اور بحیرۂ عرب کے کچھ حصوں میں مانسون پہلے ہی آگے بڑھ چکا ہے۔

S/B - Mohapatra in gnr mail

## Karnataka Dhankar

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے آج بنگلورو کی نیشنل ایئر اسپیس لیباریٹری کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کاربن فائبر اور Prepregs سینٹر کا افتتاح کیا۔

اس دوران نائب صدر نے ہوابازی ٹکنالوجی کے شعبے میں NAL کے ذریعے فروغ دیئے گئے اختراعات کا مشاہدہ کیا۔ نائب صدر نے دیسی ساخت کے ہوابازی کی تربیت کار ہنسا NG کے اڑنے کا مشاہدہ کیا اور ساتھ ہی NAL کے ذریعے ڈیزائن اور تیار کیے گئے کثیر مقصدی ہوائی جہاز سارس کا بھی نظارہ کیا۔

نیشنل ایئرواسپیس لیباریٹری میں سائنسی برادری سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ ملک امرت کال میں 2047 تک، جب وہ اپنی آزادی کی صد سالہ تقریبات منا رہا ہوگا، وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنانے کے لیے اہم اقدامات کر رہا ہے۔ نائب صدر نے Disruptive Technology، Quantum Computing ، مصنوعی ذہانت AI اور مشین لرننگ جیسے شعبوں میں، بھارت کی جست کا ذکر کیا۔ نائب صدر نے کہا کہ خلاء کے شعبے میں بھارت کی حصولیابیوں کو عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔ نائب صدر نے مزید کہا کہ ہلکا لڑاکا طیارہ Tejas ، آتم نربھر بھارت کی عکاسی کرتا ہے۔x

## Nirmala Budget

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ پچھلی دہائی میں مرکزی بجٹ کے تقدس اور مرتبے میں نمایاں بہتری سامنے آئی ہے جس کے ساتھ ہی ماضی کی پابندیاں اور دقیانوسی عوامل پیچھے رہ گئے ہیں۔ آج سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر خزانہ نے کہا کہ ہمارے بجٹ، مالیاتی اہمیت، شفافیت اور شمولیت کی خصوصیات کے حامل ہیں جو سماجی ترقی اور بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کو یقینی بناتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ قانون سازیہ کے عمل سمیت بجٹ جاتی مکمل مشق، مالی سال کے آغاز سے قبل ہی پوری کرلی جاتی ہے جس سے انتظامیہ کی کارکردگی بہتر ہوئی ہے۔x

## DOT-SMS

ٹیلی مواصلات کے محکمے اور وزارت داخلہ نے، سنچار ساتھی پہل کے ذریعے امکانی SMS فراڈ سے شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے اقدام کئے ہیں۔ مواصلات کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ بات سامنے آئی کہ گذشتہ تین مہینوں میں دھوکہ دھڑی کے پیغامات بھیجنے کیلئے، آٹھ SMS ہیڈرس کا استعمال کرتے ہوئے، 10 ہزار سے زیادہ دھوکہ دھڑی کے پیغامات بھیجے گئے ہیں۔ وزارت نے کہا کہ اِن آٹھ SMS ہیڈرس کے مالکان یعنی پرنسپل Entities کو بلیک لسٹ کردیا گیا ہے۔ اِن پرنسپل Entities کی زیر ملکیت تمام 73 ایس ایم ایس ہیڈرس اور ایک ہزار 522 ایس ایم ایس مواد کے نمونوں کو بلیک لسٹ کردیا گیا ہے۔x

## Papua New Guinea Landslide

پپوا نیوگنی میں، اندیشہ ہے کہ تقریباً دو ہزار افراد بڑے پیانے پر تودے کھسکنے کے واقعہ میں مٹی میں دب گئے ہیں جو جمعہ کے روز ملک میں پیش آیا تھا۔ قدرتی آفات سے متعلق قومی مرکز نے اقوام متحدہ کو بھیجے گئے ایک خط میں نئ تعداد فراہم کی۔ حالیہ شماریات، اِس سے قبل کے تخمینوں کے مقابلے میں بہت زیادہ ہیں۔ بچاؤ کارکن، دور دراز کے خطے میں بچنے والے کسی بھی فرد کو تلاش کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ دور دراز کا مقام ہونے کی وجہ سے بھاری آلات اور امداد پہنچانے میں دشواری کا سامنا ہے۔ یہ علاقہ بدستور شدید خطرے کا باعث بنا ہوا ہے چونکہ پہاڑیاں مسلسل گر رہی ہیں اور زمین کی مٹی بہت زیادہ مسلسل دباؤ کی وجہ سے پھٹ رہی ہے۔ امور خارجہ کے وزیر ڈاکٹر ایس جے شنکر نے تودے کھسکنے کے حالیہ واقعے میں پپوا نیوگنی میں جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب شنکر نے کہا کہ بھارت کی ہمدردی، پپوا نیوگنی کی سرکار اور عوام کے ساتھ ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اِس مشکل وقت میں بھارت دوستوں کے ساتھ ثابت قدمی کے ساتھ کھڑا ہے۔x

## Detailed Stocks All Time High

بھارت کے علامتی اسٹاک اشاریے، BSE سنسیکس اور NSE نفٹی 50 میں آج اب تک کا سب سے زیادہ اضافہ سامنے آیا۔ اس کی وجہ ملک میں، موافق انتخابی نتائج کی امید اور خام تیل کی کم قیمتیں اور عالمی منڈی کی پُرامیدی جیسی وجوہات ہیں۔ نفٹی 50 دن کی تجارت میں 23 ہزار 110 اعشاریہ آٹھ فیصد تک پہنچ گیا جبکہ سینسیکس میں 76 ہزار 9 پوائنٹ تک کا اضافہ ہوا۔ یہ اضافہ بینکاری اور IT کے اسٹاکس میں مستحکم کارکردگی کے باعث ہوا ہے۔ حالانکہ اشاریے صبح کے پہلے حصے میں ریکارڈ اونچائی تک پہنچنے کے بعد کم ہوکر اختتام تک پہنچے۔ بند ہونے پر سینسیکس میں 19 پوائنٹ یا صفر اعشاریہ صفر تین فیصد کی کمی ہوکر یہ 75 ہزار 390 پر بند ہوا جبکہ نفٹی میں 24 پوائنٹ یا صفر اعشاریہ ایک ایک فیصد کی کمی ہوکر یہ 22 ہزار 932 پر بند ہوا۔

BSE کی وسیع تر مارکیٹ میں مڈکیپ انڈیکس میں صفر اعشاریہ چھ تین فیصد کا اضافہ ہوا جبکہ اسمال کیپ انڈیکس میں صفر اعشاریہ صفر نو فیصد کی گراوٹ آئی۔ 30 کمپنیوں کے گروپ سینسیکس انڈیکس میں 12 کمپنیوں کے حصص کی قیمتیں بڑھیں جبکہ 18 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں کمی ہوئی۔x

**Gold Silver**

بازار میں آج سونے کی قیمت کا مثبت رجحان دیکھنے ملا۔ سونے کی قیمت 501 روپے بڑھ کر 71 ہزار 757 روپے فی دس گرام ہو گئی۔

وہیں چاندی کی قیمت 1612 روپے کے اضافے کے ساتھ 92 ہزار 160 روپے فی کلوگرام رہی۔

عالمی بازاروں میں سونے کی قیمت صفر اعشاریہ پانچ صفر فیصد کے اضافے کے ساتھ 2368 ڈالر اور 60 سینٹ فی اونس رہی۔

چاندی کی قیمتوں میں بھی اضافے کا رجحان دیکھا گیا اور اس کی قیمت میں ایک اعشاریہ آٹھ نو فیصد کے اضافے کے ساتھ آخری خبریں ملنے تک چاندی انٹرا ڈے میں 31 ڈالر 8 سینٹ فی اونس کے حساب سے فروخت ہوئی۔x

**Crude Oil**

تیل کی قیمتیں آج ایشیائی تجارت میں متوازن رہیں کیونکہ مارکیٹس 2 جون کو OPEC پلس کی ایک میٹنگ کا انتظار کر رہی ہیں جہاں توقع ہے کہ تیل پیدا کرنے والے، سال کی باقی مدت کیلئے پیداوار میں، رضاکارانہ کٹوتی برقرار رکھنے پر تبادلہ خیال کریں گے۔ Brent خام تیل میں صفر اعشاریہ دو سات فیصد کا اضافہ ہوکر یہ فی بیرل 82 ڈالر 36 سینٹ ہوگئی۔ US، ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ، WTI خام تیل کی قیمتوں میں صفر اعشاریہ تین صفر فیصد اضافہ ہوکر یہ 77 ڈالر 97 سینٹ فی بیرل ہوگئی۔x

**Boxing**

مکے بازی کی سابقا عالمی یوتھ چمپئن انکشتابورو نے 60 کلوگرام زمرے میں منگولیا کی نمون مون خور پر سبقت برقرار رکھی ہے جبکہ اشیمنیو لاؤرا، 80 کلوگرام زمرے میں آئرلینڈ کے Kelyn Cassidy سے ہار گئے۔

بینکاک میں پیرس اولمپک کے لیے دوسرے مکے بازی عالمی کوالیفائرس کے دوران اِن مکے بازوں نے یہ کارکردگی انجام دی۔ کوالیفائرس میں اولمپک کے لیے کوالیفائی کرنے کی خواہشمند بورو نے نے مضبوط شروعات کی۔ انہوں نے مون خور کے تیز حملوں کو بخوبی نمٹا اور چار-ایک سے جیت حاصل کی۔ وہیں دوسری جانب لاؤرا کو Cassidy کے خلاف سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑا۔ لاؤرا یہ میچ صفر-پانچ سے ہار گئے۔x

**WHO Fund Raising**

عالمی ادارہ صحت WHO نے ایک نیا Investment Round لانچ کیا ہے، جس کا مقصد سات بلین ڈالر کی مالیت کے اثاثے جمع کرنا ہے، تا کہ ایسے ممالک کی مدد کی جاسکے جو موسمیاتی تبدیلی، نقل مکانی، غریبی اور عدم مساوات جیسے چیلنجز سے دوچار ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں WHO کے سربراہ Tedros Adhanom Ghebreyesus نے کہا ہے کہ دنیا متعدد چیلنجز کے ساتھ بہت ہی مشکل وقت کا سامنا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا

کہ Investment Round کا مقصد چار سال میں سات بلین ڈالر مالیت کا فنڈ جمع کرنا ہے جس سے چیلنجز سے نمٹنے میں خستہ حالی کے شکار ممالک کی مدد کی جا سکے۔×

**Nepal Purinima**

نیپال کے گورکھا کی رہنے والی 32 سالہ کوہ پیما پورنیا شریشٹھا نے اسی سیزن میں مسلسل تیسری بار اور محض 13 دنوں میں ایوریسٹ کی چوٹی سر کر کے تاریخ رقم کر دی ہے۔ پیشہ سے فوٹو جرنلسٹ شریشٹھا یہ کارنامہ انجام دینے والی دنیا کی پہلی خاتون بن گئی ہیں۔×

**Bangladesh Cycleone**

بنگلہ دیش میں گذشتہ رات بنگلہ دیش کے نشیبی علاقوں میں آنے والے سمندری طوفان Remal سے کم سے کم 10 افراد ہلاک اور 30 ہزار سے زیادہ گھر برباد ہوگئے۔ شدید سمندری طوفان Remal، کھیپوپاڑا اور مغربی بنگال کے ساگر جزیرے کے درمیان گذشتہ رات پہنچا۔ اِسی دوران، یہ طوفان زمین تک پہنچنے کے بعد کمزور پڑ گیا اور بعد میں دباؤ کی صورت اختیار کرگیا۔ ایک سرکاری افسر نے بتایا کہ ہواؤں اور شدید بارش کے سلسلے نے، سندر بنس اور بنگلہ دیش کے ست کھیرا، کھُلنا، بیگر ہاٹ، پٹوواکھالی، بھولا اور بارگُنا اضلاع کے نشیبی خطوں کے طاس کے بڑے علاقے کو متاثر کیا ہے۔ افسر نے بتایا کہ جھینگوں کی سیکڑوں شکار گاہیں پانی میں بہہ گئی ہیں۔ بڑی تعداد میں مکانوں کو نقصان پہنچا ہے اور کھڑی ہوئی فصلیں برباد ہوگئی ہیں جبکہ درخت، بجلی اور ٹیلی فون کے کھمبے اکھڑ گئے ہیں۔

انھوں نے مزید کہا کہ سخت لہروں کی وجہ سے ساحلی علاقوں کے بہت سے گاؤں زیر آب ہوگئے۔ طوفان نے بنگلہ دیش کے جنوبی اضلاع میں بجلی کی فراہمی کو متاثر کیا ہے، جس کی وجہ سے گذشتہ رات سے دو کروڑ سے زیادہ افراد بجلی سے محروم ہیں اور اس کی وجہ سے موبائل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ خدمات میں بھی خلل پڑا ہے۔ مسلسل بارش سے ڈھاکہ اور چٹاگام شہروں میں سیلاب آگیا ہے جس سے روز مرہ کی زندگی میں خلل پڑا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆